اطلاع برائے 17ویں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے اراکین کا 17واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل 27 اکتوبر، 2026 کو دن 12 بجے لگژری ہوٹل کراچی میں اور ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1۔ کمپنی کے محاسب شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے مع چیئرمین (ناظم اعلیٰ برائے مجلس نظماء) رپورٹ، ڈائریکٹرز (مجلس نظماء) رپورٹ اور محاسب کی رپورٹ برائے سال مختتمہ 30 جون 2026 کی وصولی ان پر غور وخوض اور اس کا اطلاق کرنا۔

مذکورہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ سے بذریعہ لنک یا QR کوڈ کو ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

درج ذیل لنک یا کیوآر کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔ https://pibt.com.pk/financial-statements-year-2025-2026/

2۔ کمپنی کے لیے محاسب کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مجلس نظماء اور محاسب کمیٹی کی جانب سے سبکدوش ہونے والے محاسب میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو کمپنی کے محاسب کی حیثیت سے تقرر کیلئے تجویز کیا ہے۔

بحکم بورڈ (مجلس نظماء)

عادل سرور

کمپنی سیکرٹری

کراچی

مورخہ: 06، اکتوبر، 2026

نوٹس:

1۔ سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت

ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق کمپنی نے سالانہ اجلاس عام میں اراکین کی آن لائن شرکت کے لئے ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کے ساتھ سی این آئی سی / پاسپورٹ / بورڈ کی مصدقہ قرارداد کی نقل / پاور آف اٹارنی کی نقل کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بعنوان ''رجسٹریشن برائے سالانہ اجلاس عام پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ'' companysecretary@pibt.com.pk اور cdcsrsl@cdcsrsl.com پر معلومات فراہم کرکے 26 اکتوبر 2026 کو یا اس سے قبل ای میل کے ذریعے خود کو رجسٹرڈ کروائیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر / فولیو نمبر	کمپنی کا نام	رکن کا نام	شناختی کارڈ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

مذکورہ بالا لوازمات کے مطابق ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہونے والے اراکین کو کمپنی کی طرف سے بذریعہ ای میل ایڈریس ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے صرف وہی اراکین اجلاس میں شرکت کر سکیں گے جن کے نام رجسٹریشن کے لئے کمپنی کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ہوں گے۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے کارروائی کے اختتام تک میسر رہے گی۔

2۔ شیئر ٹرانسفر کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 20 اکتوبر 2026 تا 27 اکتوبر 2026 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ 19 اکتوبر 2026 کو کاروبار کے اختتام سے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں ترتیب سے موصول ہونے والے منتقلیاں سالانہ اجلاس عام میں شرکت، اظہار رائے اور حق رائے دہی کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

3۔ پراکسی کی تقرر کا حق

اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ کا اہل ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت، اظہار رائے اور حق رائے دہی کیلئے اپنا/اپنی نمائندہ مقرر کر سکتا / سکتی ہے۔ پراکسی کی تقرری کی موثریت کے لئے ضروری ہے کہ مکمل پراکسی فارم اجلاس کے انعقاد کے وقت سے 48 گھنٹوں قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں جمع کرانا ہوگا۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں اور ایک ممبر ایک سے زائد پراکسی کا تقرر نہیں کر سکتا۔ پراکسی فارم انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ فراہم کرنا ہوگا۔

4۔ اجلاس عام میں شرکت

اپنی شناختی تصدیق کے لئے اراکین اور پراکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور فولیو نمبر/پارٹیسپنٹ آئی ڈی لازمی ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ اراکین کے نمائندہ کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی اور نامزد شخص کے دستخط کے نمونے مع اصل قومی شناختی کارڈ لانا ہوگا۔
ایسے اراکین جو اپنے حصص سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) میں جمع کروا چکے ہیں انہیں اجلاس کے مقام پر اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے ساتھ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور اکاؤنٹ نمبر لانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ اراکین کو اجلاس میں شرکت اور پراکسیوں کی تقرری کیلئے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ سرکلر 1 آف 2000 میں دی گئیں مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

اے) اجلاس میں شرکت کیلئے

i) انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی شرائط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کرانی ہوگی۔

(ii کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ بمع نمونہ دستخط نامزد رکن (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے) اجلاس کے وقت پیش کیئے جائیں گے۔

بی) پراکسی کی تقرری کیلئے

(i انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی شرائط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، پراکسی کی نامزدگی کا فارم اوپر بیان کردہ لوازمات کے مطابق جمع کرائے گا۔

(ii پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہو جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ کے نمبرز پراکسی فارم پر درج ہوں۔

(iii بینی فیشری مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانی ہوں گی۔

(iv پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

(v کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع نمونہ دستخط (اگر پہلے مہیا نہ کئے گئے ہوں) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو فراہم کرنا ہوں گے۔

5۔ پتے کی تبدیلی

طبعی شکل میں حصص رکھنے والے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے کی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فوری مطلع کریں جبکہ بک انٹری (سی ڈی سی) میں حصص رکھنے والے اراکین اس حوالے سے سی ڈی سی/ پارٹیسپنٹ/ بروکر/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو اطلاع دیں۔

6۔ سالانہ رپورٹ

کمپنی کی سالانہ رپورٹ بشمول سالانہ اجلاس عام کے نوٹس اور آڈٹ شدہ حسابات برائے سال مختتمہ 30 جون 2026 مع ڈائریکٹرز (نظماء) رپورٹ و چیئرمین جائزہ رپورٹ ویب سائٹ www.pibt.com.pk پر آویزاں کی ہیں۔ وہ اراکین جو سالانہ رپورٹ کتابی شکل میں حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنی درخواست کمپنی کی ویب سائٹ www.pibt.com.pk اور اس کے رجسٹرڈ پتے پر دستیاب معیاری درخواست فارم کے ذریعے ارسال کریں۔ درخواست کی موصولی سے سات دن کے اندر مطلوبہ کتابی سالانہ رپورٹ ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کردی جائے گی۔

7۔ شناختی کارڈ / قومی ٹیکس نمبر اور زکوۃ کٹوتی کی تفصیلات جمع کرانا

ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیوں کے لئے ڈیویڈنڈ وارنٹس پر انفرادی صورت میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، اوورسیز پاکستان کا قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر اور ادارہ ہونے کی صورت میں قومی ٹیکس نمبر کا اندراج لازمی قرار دیا ہے۔ اس طرح کی معلومات کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے مطابق کمپنی کو ایسے اراکین کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے روک دیا جائے گا۔ مزید برآں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ / این ٹی این کی تفصیلات فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی فہرست کے مطابق فعال ٹیکس دہندگان کا جائزہ لینے کیلئے درکار ہوتی ہیں۔ لہذا جن اراکین نے تاحال یہ

معلومات فراہم نہیں کی ہیں انہیں ایک بار پھر ہدایت دی جاتی ہے کہ اپنے فولیو نمبر کے ساتھ مذکورہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔
زکوۃ کی لازمی کٹوتی سے استثنیٰ کے لئے اراکین سے درخواست ہے کہ زکوۃ ڈیکلریشن فارم کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو جمع کروائیں۔

8۔ برقی ذرائع سے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 242 کی رو سے لسٹڈ کمپنیاں نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی اراکین کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست الیکٹرانک نظام کے ذریعہ ہی کروائیں گی۔ لہذا طبعی حصص کے حامل اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.pibt.com.pk پر دستیاب مطلوبہ فارم مکمل کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ بک انٹری سیکورٹیز میں رکھے گئے حصص کی صورت میں مذکورہ معلومات سی ڈی ایس پارٹیسپنٹ کے ذریعے سینٹرل ڈیپازیٹری سسٹم کو فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔

9۔ طبعی حصص کا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کو چاہیے کہ اپنے طبعی حصص بک انٹری شکل میں تبدیل کریں۔ طبعی حصص کے حامل اراکین سے درخواست ہے کہ اپنے حصص بک انٹری شکل میں جلد از جلد تبدیل کرالیں۔ اس مقصد کے لئے اراکین اپنا سی ڈی سی ذیلی کھاتہ کسی بھی بروکر یا براہ راست سرمایہ کاری کھاتہ سی ڈی سی کے ساتھ کھول کر اپنے طبعی حصص بغیر کسی تحریری شکل کے محفوظ کر سکتے ہیں۔ اس سے انہیں کئی فوائد حاصل ہوں گے جن میں حصص کی محفوظ تحویل اور جب چاہیں ان کی فروخت بھی شامل ہے کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے مروجہ ضوابط کے تحت طبعی حصص کی خرید وفروخت کی اجازت نہیں ہے۔ یہ آپ کی لاگت کم کرتا ہے اور حفاظت اور چوری اور گم یا جعل سازی کی صورت میں تبدیلی کے عمل کو آسان بناتا ہے۔ طبعی حصص کی بک انٹری شکل میں تبدیلی کے لئے آپ درج ذیل فراہم کردہ معلومات پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

10۔ تحائف / کوپن کی تقسیم

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 452(I)/2025 بتاریخ 17 مارچ 2025 کے ذریعے جاری کردہ ہدایات کے مطابق اجلاس کے دوران تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔